روسی وکمیونسٹ فوج کی واضح اور کھلی شکست جیسے اہم عنوانات پر سیر حاصل بحث ہے۔ چونکہ مؤلف خود بھی جہاد میں شریک رہے ہیں اس لیے یہ ایک مشاہداتی رپورٹ ہے جو ہر لحاظ سے نافع ہے۔ (عبدالقیوم حقانی)

فضائل اعمال صالحہ | تالیف: مولانا محمد خالد مہاجر مدنی — صفحات ۳۹۸ — قیمت -/۶۶ روپے
ناشر: ادارہ اسلامیات ۱۹۰۔ انارکلی لاہور

حافظ ضیاء الدین مقدسی شام کے عظیم محدث اور بلند پایہ عالم دین اور صاحب دل بزرگ تھے، مسلکاً حنبلی تھے "فضائل الاعمال" موصوف کی مشہور اور محبوب تصنیف ہے۔ فضائل اعمال پر متعدد مجموعہ کتب میں موصوف کی تالیف کا امتیازی وصف یہ ہے کہ اس میں احادیث الرسول صلی اللہ علیہ وسلم کو فقہی ترتیب پر جمع کیا گیا ہے۔

کتاب کا اردو ترجمہ مولانا محمد خالد مہاجر مدنی نے کیا جسے حضرت مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری کی نگرانی اور راہنمائی حاصل رہی۔ کتاب شب و روز ساتھ رکھنے اور عملی زندگی میں بھرپور استفادہ کی چیز ہے۔ امید ہے کہ علمی و دینی بالخصوص تبلیغی اور درسی حلقے اس سے بھرپور استفادہ کریں گے۔ (عبدالقیوم حقانی)

سائنس کی تعلیم | (قرآن وحدیث کی روشنی میں) صفحات ۲۹۲۔ مؤلف پروفیسر ڈاکٹر سعید اللہ قاضی
قیمت ۳۹ روپے۔ پتہ۔ مکتبہ تطہیر افکار۔ ڈھکی منور شاہ۔ قصہ خوانی بازار پشاور

عصر حاضر کے سائنسی کارناموں میں غیر مسلموں کی محیر العقول سبقت اور مسلمانوں کا بعض اختیاری یا غیر اختیاری اسباب وعوامل سے دوچار ہو کر سائنس کے میدان میں تخلف کی وجہ سے، یورپ سائنس کو اپنی ذاتی جاگیر سمجھنے کی خوش فہمی میں مبتلا ہے۔ حالاں کہ تاریخ اس پر گواہ ہے کہ سائنسی علوم کی بنیاد مسلمانوں نے رکھی آج مکہ مکرمہ، مدینہ منورہ، بخارا، سمرقند، کوفہ، بصرہ، شام، مصر اور اندلس کا ذرہ ذرہ مسلمانوں کے سائنسی کارناموں کا عینی گواہ ہے۔ اگر یورپ اندلس کے علمی ذخیرہ پر غاصبانہ قبضہ نہ جماتا تو آج اس کو یہ مقام ہرگز نہ ملتا۔

پیش نظر کتاب میں ڈاکٹر موصوف نے سائنسی علوم کا ثبوت قرآن وحدیث سے عام فہم انداز میں پیش کیا ہے کتاب پڑھتے وقت یہ احساس ہوتا ہے کہ قرآن نے مسلمانوں کو اس وقت سائنسی علوم کا پیغام دیا تھا جس وقت یورپ اور اس کے ہم خیال جوانوں کی زندگی بسر کر رہے تھے۔

موصوف دینی علوم سے بہرہ ور ہونے کے علاوہ عصری علوم میں بھی ید طولیٰ رکھتے ہیں۔ اس لئے انداز بیان میں علمی اور تحقیقی ذوق نمایاں ہے۔ جدید طریق تحقیق کے اصولوں کی رعایت کی وجہ سے کسی متنقل مسئلہ کے سمجھنے یا اصل ماخذ کی طرف مراجعہ کرنے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی۔

موضوع کی اہمیت کی وجہ سے کتاب معاشرہ کی ایسی ضرورت ہے جس کے مطالعہ سے شاید مسلمانوں کی قسمت بدل جائے اور مسلمان ایک دفعہ پھر اپنی کھوئی ہوئی قوت کو دوبارہ بحال کر سکیں۔ (غلام الرحمٰن)